Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شعبان سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۵ جون سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت بخشی صاحب فوج	۱
۲	تصحیح رقم	۲
۳	بابت امتحان طلبا اردو مڈل	۵
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۵ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت بارہ یوم مستدعیہ بخشی فوج بانچارجی نائب بخشی فوج بغرض روانگی بیرونجات منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تصحیح

۳۱ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

مثبتہ یادداشت نظامت دربارہ تصحیح گزٹ نمبر ۲ مطبوعہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظورشدہ ۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم جو بحوالہ دفعہ ۲۲۵ آئین حاضر یہ مضمون (اور نقشی ص کے لگان سالانہ سے زائد ہوں) لکھا ہے اس مضمون میں رقم ص غلط ہے - بلکہ ص صحیح ہے ہمراہ گزٹ یہ یادداشت ملاحظہ ہوئی - درحقیقت سہو کتابت ہے بجائے پچیس روپیہ کے چھپا ہے لہذا بغرض صحت گزٹ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء جلد ۲۰ مطبع ریاست کو نقل حکم بھیجکر اشاعت کرائی جاوے

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقعہ ۲۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

امسال چھ طالب علم فائنل امتحان اردو مڈل میں شریک ہوئے تھے منجملہ انکے ایک طالب علم مدرسہ ملک کا تھا جو پاس ہوا ہے - اور پانچ طلبا اردو مڈل اسکول کے تھے جنمیں سے صرف ایک پاس ہوا ہے - اردو مڈل اسکول کا نتیجہ نہایت ناقص ہے - ہیڈ ماسٹر صاحب اردو مڈل اسکول کو تنبیہ کیا جاتا ہے کہ آیندہ کافی محنت کریں اور اسکی تلافی کرکے خوشنودی حاصل کریں ہیڈ ماسٹر صاحب پرانے ملازم ہیں جنکے تجربہ کی وجہ سے مدرسہ کی حالت میں وقتاً فوقتاً ترقی ہونا چاہیے - ایسے ناقص نتایج امتحان نہایت افسوسناک امر ہے - لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا مع نتیجہ بغرض اطلاع عام گزٹ میں شایع کیا جائے اور ایک نقل انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس بھیجکر لکھا جائے کہ ہیڈ ماسٹر صاحب اردو مڈل سے دریافت کریں کہ ایسے ناقص نتایج کی کیا وجہ ہے -

تفصیل طلبا شریک فائنل امتحان اردو مڈل

نام مدرسہ	نام طالب علم	ولدیت	پاس	فیل
ملک	امیر حسین	شرافت حسین	پاس	·
مڈل	شرف الدین	جمال الدین	"	·
"	واحد علی	عبدالرشید خان	·	فیل
"	مشتاق علی	یعقوب علی خان	·	"
"	تاج محمد	غوث محمد خان	·	"
"	رشید احمد	·	·	"

---

۱۴ — رپورٹ محمد احسن صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء بابت درستی گولدان نالہ زیر فصیل میلہ داران۔ بنا بر نکاسی نالی کھرنجہ ہائے واقع جھنڈے بڑے پیر صاحب وعقب سرائے و تیاری کھرنجہ جدیدہ کوچہ شیخان واقع نزد خانساماں و تیاری پلیہ جدید بجائے پلیہ خورد زیر دیوار شمالی فصیل دعداد والی پر نالہ۔

آج یہ تحریر جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر یہ امر قرار پایا کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر موقعہ کا ملاحظہ فرمالیں اوسکے بعد کوئی تجویز کیجائیگی۔

۱۵ — نوٹ دفتر اجلاس صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء بدیں مضمون کہ میونسپلٹی سے جو اجازت نامہ برآمد دروازہ ہائے و سائبان و برآمدہ چھجہ ہائے وغیرہ دیجاتی تھیں جن پر فیس لیجاتی ہے اور بعدہ وصول فیس منظوری وغیرہ دیجاتی ہیں اونکا عملدرآمد ابتک یہ ہے کہ سپرنٹنڈنٹ صفائی رقم درخواست دہندگان سے خود لیتی اور میونسپلٹی کے سر رشتہ میں داخل کرتی ہیں وہاں سے سیاہہ سر رشتہ ہوتی ہے اسصورت میں احتمال رہتا ہے کہ کوئی رقم سہواً داخل ہونے سے رہجائے یا عمداً داخل نہ کی جائے تو نقصان سرکار ہوگا اس کے واسطے مناسب طریقہ جس سے یہ احتمالات جاتے رہیں کیا اختیار کیا جائے یا تو یہ عملدرآمد کیا جائے کہ اجازت نامہ لیسے شخص کو اوسقدر کا خفا اسٹامپ پر دیا جائے جتنی اوس سے فیس نقد لیجاتی ہے اجازت نامہ سر رشتہ میونسپلٹی سے مرتب ہو اور صاحب میونسپل افسر کے دستخط کے بعد اجازت خواہ صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر کے دستخط کرالیا کرے۔ یا اجازت خواہ خود خزانہ میں نقد روپیہ اپنے ہاتھ سے سیاہہ کرایا کرے بعد کو اجازت نامہ دیا جاوے یا موجودہ طرز عمل جاری رہے جو مناسب طریقہ ہو کمیٹی سے تجویز کیا جائے۔

جنرل کمیٹی ۱۵ اپریل سنہ رواں میں نوٹ پیش ہو کر تجویز ہوئی کہ اجلاس سے صدور حکم منظوری اجازت پر درخواست دہندہ جب وصول اجازت نامہ کی استدعا کرے تو اسقدر قیمتی اسٹامپ پر کرے جسقدر رقم نذرانہ سرکار الیہ سے قابل وصول ہے یہ قاعدہ جاری ہونے میں رقومات نذرانہ کا کافی تحفظ ہو کر ضائع ہونیکا احتمال جاتا رہیگا۔

۱۶ — تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی محلہ شتر خانہ قدیم واقع تھانہ نمبر ۲ قیمتی علیہ تعدادی ماہ ۵

آج جنرل کمیٹی میں پیش ہو کر یہ رائے قرار پائی کہ بالفعل یہ تجویز دفتر میونسپلٹی میں رکھی جائے دیگر ضروری کام بننے کے بعد پیش ہونے پر بصورت بچت تجویز ہوگی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۸ مئی لغایت ۴ جون سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۹ سار		۱۰ سار		۱۰ سار	۰۹ سار	
نخود خالص	۱۱ سار		۱۲ سار		۱۳ سار	۱۱ سار	
نخود کرآمیز	۱۲ سار		۱۲ سار		۱۳ سار	۱۳ سار	
کرنہ	۰		۰۲ سار		۱۳ سار	۱۲ سار	
ماش	۰۷ سار		۰۷ سار		۰۷ سار	۰۶ سار	
مونگ	۰۶ سار		۰۷ سار		۰۷ سار	۰۷ سار	
مکئی	۱۵ سار		۱۵ سار		[illegible]	۱۶ سار	
جئی	۱۳ سار		۱۳ سار		۱۳ سار	۱۴ سار	
گوجئی	۰		۱۱ سار		۱۲ سار	۱۲ سار	
عدس	۰۸ سار		۰۹ سار		۱۰ سار	۱۰ سار	
ارہر	۱۱ سار		۱۲ سار		۱۰ سار	۱۰ سار	
برنج	۶ سار		۶ و ۰۷ سار		۶ سار	۰۶ سار	
روغن زرد	۰ ۱/۲ سار		[illegible] سار		۰ ۱/۲ سار	۰ ۱/۲ سار	
روغن سیاہ	۲ سار		۰۲ سار		۲ سار	۲ سار	
روغن کنجد	۱ سار		۲ سار		۰۱ سار	۱ سار	
نمک سانبھر	۱۱ سار		۱۲ سار		۱۲ سار	۱۳ سار	
نمک لاہوری	۰۸ سار		۱۱ سار		۱۰ سار	۱۴ سار	
قند سیاہ	۵ سار		۵ سار		۵ سار	۶ سار	
باجرہ	۱۰ سار		۱۱ سار		۱۲ سار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور